
# PRIME MINISTER YOUTH BUSINESS & AGRICULTURE LOAN SCHEME (PMYB&ALS)


پروگرام میں رجسٹر ہونے کیلئے آپ کا درج ذیل ہدایات پر عمل پیرا ہوناضروری ہے۔ رجسٹریشن کے مراحل کو مختلف حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے جس کو پر کرنا لازمی ہے.

سب سے پہلے آپ اپنے کمپوٹر پر انٹرنیٹ براؤزرمیں ٹائپ کریں۔ ↓

https://pmyp.gov.pk/bankform/newapplicantform




اب آپکو یہ فارم نظر آئے گا۔ ↓




سب سے پہلے سیکشن میں آپ نے اپنی بنیادی معلومات کا اندراج کرنا ہے۔




سوالات کے سامنے دئیے گئے خانوں میں انتہائی دائیں طرف ایرو کا نشان موجود ہے۔ اس کو کلک کرنے پر آپ کو مختلف آپشنز نظر آئیں گے جن میں سے آپ نے کسی ایک کا انتخاب کرنا ہے۔

واضح رہے کہ جن سوالات ک ساتھ (*) کا نشان ہے ان کو پر کرنا لازمی ہے۔




آیا آپ سرکاری ملازم ہیں؟ہاں یا نہیں میں سے انتخاب کریں۔




کیا آپ پاکستان کے رہائشی ہیں؟ ہاں یا نہیں میں سے انتخاب کریں۔




جس بنک سے آپ کو لون درکار ہے اس کا انتخاب کریں۔




کیا آپ اس منتخب کردہ بنک میں ملازمت کرتے ہیں؟ ہاں یا نہیں میں سے انتخاب کریں

Are You An Employee Of Selected Bank ?* کیا آپ منتخب شدہ بینک میں ملازمت کرتے ہیں؟

Select a value

آیا آپ سیاسی شخصیت ہیں؟ ہاں یا نہیں میں سے انتخاب کریں

Are You A Politically Exposed Person(PEP)?* کیا آپ سیاسی شخصیت ہیں؟

Select a value

آ پ نیا کاروبار شروع کرنے جا رہے ہیں یا موجودہ کاروبار کو وسیع کرنا ہے۔ موزوں جواب کاانتخاب کریں۔

Business Status* کاروبار کی موجودہ حیثیت

Select a value

واضح رہے کہ سرکاری ملازم، بنک کے ملازم، سیاسی شخصیات اور غیر ممالک میں رہائش پذیر افراد اس سکیم کے لئے اہل نہیں ہیں.

اگلا سیکشن آپ کی ذاتی معلومات سے متعلق ہے۔

## B:Personal Information ذاتی معلومات

سب سے پہلے قومی شناختی کارڈ کے مطابق اپنا پورا نام لکھیں۔

Applicant's Name * درخواست گزار کا نام

Provide your full name

اگلے خانے میں دائیں جانب موجود ایرو کے نشان پر کلک کر کے اپنی جنس کا انتخاب کریں۔

Gender* جنس

Select a value

اپنا قومی شناختی کارڈ نمبر درج کریں.

اپنے قومی شناختی کارڈ نمبر کو اگلے خانے میں دوبارہ درج کریں ۔

Applicant's CNIC

11111-1111111-2

Confirm Applicant's CNIC

11111-1111111-2

اپنے قومی شناختی کارڈ کی تاریخ اجراء درج کریں۔

تاریخ اجراء کو اگلے خانے میں دوبارہ درج کریں۔

CNIC Issue Date

Select a date

Confirm CNIC Issue Date

Select a date

اپنی تاریخ پیدائش بمطابق شناختی کارڈ درج کریں۔

تاریخ پیدائش کو اگلے خانے میں دوبارہ درج کریں۔

Date Of Birth (As Per CNIC)

Select a date

Confirm Date Of Birth (As Per CNIC)

Select a date

واضح رہے کی یہ انتہائی اہم معلومات ہے اور اس میں کسی بھی قسم کی غلطی کی گنجائش نہیں۔

آپ کے زیر کفالت کتنے افراد ہیں؟ اس خانے میں انکی تعداد منتخب کریں۔

Number Of Dependents* زیر کفالت افراد کی تعداد

Select a value

اس خانے میں آپ اپنی موجودہ ازدواجی حیثیت کا انتخاب کریں گے۔

Marital Status* ازدواجی حیثیت

Select a value

اس خانے میں والد، شوہر یا پھر کسی سرپرست کا نام درج کریں۔

Father's/ Husband's/Guardian's Name* درخواست گزار کے والد/شوہر/سرپرست کا نام

Provide your full name

اگلے خانے میں شوہر/والد یا سرپرست کا شناختی کارڈ نمبر درج کریں۔

Father's/ Husband's/Guardian's CNIC درخواست گزار کے والد/شوہر/سرپرست کا شناختی کارڈ نمبر

11 or 13 digit number only like 1234567891012

اس خانے میں آپ نے اپنے مذہب کا انتخاب کرنا ہے کہ آپ کس مذہب سے تعلق رکھتے ہیں۔

Religion * مذہب

Select a value

کامیاب جوان پروگرام پاکستان کی تما م نوجوان نسل کے بہتر مستقبل لئے شروع کیا گیاہے جس میں اکیس سے پینتالیس سال کی عمر تک کے افراد قرض حاصل کر سکتے ہیں۔ یہی نہیں بلکہ وہ افراد جو کسی نہ کسی وجہ سے معذورری کا شکار ہو گئے ہیں وہ بھی اس پروگرام سے مستفید ہوسکتے ہیں

اس خانے میں اگر آپ کسی قسم کی معذوری کا شکار ہیں توآپشن کا استعمال کرتے ہوئے ہاں یا نہیں کا انتخاب کریں۔

Do You Have Any Disablility ?* کیا آپ کو کوئی معذوری ہے؟

Select a value

اس خانے میں آپ اپنی موجودہ آمدنی کا ذریعہ درج کریں جو آپ ہر ماہ کماتے ہیں۔

Source Of Current Income* موجودہ آمدنی کا ذریعہ

Select a value

اس خانے میں اپنی اوسطاً ماہانہ آمدنی بتائیں۔

Average Current Monthly Income اوسطاً موجودہ ماہانہ آمدنی (روپے میں)

Average Monthly Income

اگر آپ کو ماہانہ آمدنی کسی دوسرے ذرائع سے بھی حاصل ہوتی ہے جو اضافی آمدنی کے زمرے میں آتی ہے تو اس خانے میں میں اس آمدنی کو روپوں میں درج کریں

Other Monthly Income اضافی ماہانہ آمدنی (روپے میں)

Select a value

کیا آپ کا کسی بنک میں اکاؤنٹ ہے؟ اگر ہاں تو اس کا نام اور اکاؤ نٹ نمبر درج کریں۔

Do You Any Bank Account ?* کیا آپ کا کوئی بینک اکاؤنٹ ہے؟ — Select a value

Bank Name بینک کا نام — Select a value

Account Number اکاؤنٹ نمبر

یہاں آپ اپنے ذاتی اثاثے درج کریں۔

Personal Wealth ذاتی اثاثے

اس خانے میں آپ اپنا بجلی،ٹیلیفون،گیس یا پانی کسی بھی بل کا صارف نمبر درج کریں۔

Applicant Utility Bill Consumer Id
درخواست گزار کے کسی یوٹیلٹی بل کا نمبر

اس خانے میں آپ نے اپنا قومی ٹیکس نمبر درج کرنا ہے

Applicant National Tax Number درخواست گزار کا قومی ٹیکس نمبر

اگر آپ کا ٹیکس نمبر نہیں بنا ہوا تو آپ ایف۔بی۔آر کی ویب سائٹ پر جا کر اپلائے کر سکتے ہیں۔ جس سے آپ کوقرض ملنے کے امکانات زیادہ ہو سکتے ہیں لیکن اگر آپ کا ٹیکس نمبر نہیں بنا ہوا تب بھی آپ پروگرام میں شامل ہونے کے اہل ہیں

درج ذیل خانے میں آ پ اپنی پاسپورٹ سائز تصویر اپلوڈ کریں گے (تصویر اپلوڈ کرتے ہوئے خیال رکھیں تصویرواضح ہو اور سیلفی نہ ہو)

Applicant Picture درخواست گزار کی تصویر

Select A Picture | Browse

اس خانے میں آپ نے اپنے قومی شناختی کارڈ کے فرنٹ حصے کی تصویر اپلوڈ کرنی ہے اور اسی عمل کو دوہراتے ہوئے قومی شناختی کارڈ کے پچھلے حصہ کی تصویر اپلوڈ کرنی ہے

CNIC's Back Side Picture شناختی کارڈ کے پیچھے والے حصے کی تصویر

Select A Picture | Browse

CNIC's Front Side Picture شناختی کارڈ کے سامنے والے حصے کی تصویر

Select A Picture | Browse

## QUALIFICATIONS DETAIL تعلیمی معلومات

اس سیکشن میں آ پ سے آپکی تعلیمی قابلیت کے بارے میں معلومات درکار ہیں۔

آپ کی تعلیم کتنی ہے؟ دئیے گئے آپشنز میں سے انتخاب کریں۔

Education* تعلیم

Select a value

اگر آپ کے پاس کسی قسم کی کوئی تکنیکی تعلیم ہے تو دیئے گئے آپشنز میں سے موزوں جواب کا انتخاب کریں۔

Do You Have Any Technical Education* کیا آپ کے پاس کوئی تکنیکی تعلیم ہے؟

Select a value

اگر آپ کاریگر ہیں یا کسی بھی ہنر میں مہارت رکھتے ہیں تودیئے گئے آپشنز میں سے موزوں جواب کا انتخاب کریں۔

Are You Skilled Or An Artisan?* کیا آپ کاریگر ہیں یا کسی ہنر میں مہارت رکھتے ہیں؟

Select a value

اس خانے میں آپ اپنی تعلیمی سنداپلوڈ کریں۔

Upload Educational Degree تعلیمی ڈگری اپلوڈ کریں

Select A Picture | Browse

جیسے کہ اوپر آپ سے آپ کی تکنیکی تعلیم کے بارے میں پوچھا گیا تھا تو اگر آپ کے پاس اس تکنیکی تعلیم سے متعلق سند یا ٹریننگ سرٹیفیکیٹ ہے تو اسے اس خانے میں اپلوڈ کریں۔

Upload Technical Education Certificate تکنیکی تعلیم دستاویز اپلوڈ کریں

Select A Picture | Browse

اس خانے میں آپ کوئی بھی مساوی دستاویز اپلوڈ کرسکتے ہیں۔

Upload Artisanship Certificate/Any Other Proof
فنی تعلیم کا سرٹیفکیٹ یا کوئی مساوی دستاویز اپلوڈ کریں

Select A Picture | Browse

## D.CONTACT DETAIL معلومات برائے رابطہ

اس سیکشن میں آپ نے اپنے رابطے سے متعلق تمام معلومات درج کرنی ہیں اور خیال رکھنا ہے کہ درج کی گئی معلومات درست ہوں۔

سب سے پہلے آپ اپنا موجودہ مکمل رہائشی پتہ درج کریں گے

Present Address* موجودہ پتہ

اس کے بعد یہ رہائشی پتہ کس صوبے میں آتا ہے آپشنز میں سے صوبے کے نام کا انتخاب کریں گے۔
رہائشی پتہ جس ضلع میں شمار ہوتا ہے اس ضلع کا نام درج کریں۔

پھر اس کی تحصیل کا نام درج کریں۔

Present Province* موجودہ صوبہ
Select a value

Present District * موجودہ ضلع
Select a value

Present Tehsil * موجودہ تحصیل
Select a value

اس کے بعد اگر آپ کا مستقل رہائشی پتہ موجودہ پتے سے مختلف ہے تو اس خانے میں اپنا مستقل پتہ درج کریں۔

Permanent Address( If Different)* مستقل پتہ (اگر موجودہ پتہ سے مختلف ہے)

اور پھرسے پہلے جیسا عمل دوہراتے ہوئے مستقل رہائشی پتے کے صوبے کا نام،ضلع کا نام اور تحصیل کا نا م درج کریں۔

Permanent Province* مستقل صوبہ
Select a value

Permanent District * مستقل ضلع
Select a value

Permanent Tehsil مستقل تحصیل
Select a value

اگر آپ کے گھر پر ٹیلی فون لگا ہوا ہے تو اس کا نمبر ایریا کوڈ کے ساتھ درج کریں۔

Residence Phone No.With Area Code
Number Format 051xxxxxxx

یہاں پر اپنا زیر استعمال موبائل نمبر درج کریں۔

Primary Mobile No.* موبائل نمبر
Number Format 03xxxxxxxxx

اس خانے میں رابطے کے لئے متبادل نمبر درج کریں۔ (یہ اس لئے ضروری ہے کہ اگر آپ سے ذاتی موبائل نمبر پریا گھر کے نمبر پر رابطہ نہ ہو سکے تو متبادل نمبر پر رابطہ کیا جا سکے)

Secondary Mobile No.* متبادل موبائل نمبر
Number Format 03xxxxxxxxx

کیا آپ کا ذاتی موبائل نمبر آپ کے اپنے نام پر ہے ؟ہاں یا نہیں میں سے انتخاب کریں۔

Is Primary SIM Registered With Your Own Name? * کیا سم آپکے نام پر رجسٹر ہے؟

Select a value

اگر آپ کا ای میل ایڈریس ہے تو یہاں درج کریں۔

E-Mail Address (If Any) ای میل ایڈریس (اگر ہے)

Email Adress in proper format

اس خانے میں آپ اپنی رہائشی حیثیت درج کریں کہ آپ اپنے ذاتی گھر میں رہتے ہیں یا کرائے کے گھر میں۔

Residence Type* رہائشی حیثیت

Select a value

## E. BUSINESS INFORMATION کاروباری معلومات

اس سیکشن میں آپ نے اپنے کاروبار سے متعلق معلومات درج کرنی ہیں۔

آپ کے کاروبار کی مرکزی نوعیت کیا ہے

Industory Category* کاروباری کی مرکزی نوعیت

Select a value

آپ کا کاروبار کس شعبہ سے تعلق رکھتا ہے

Business Sector* کاروباری شعبہ

Select a value

آپ کے کاروبار کا ذیلی شعبہ کیا ہے

Business Sub-Sector* کاروبار ذیلی شعبہ

Select a value

اپنے کاروبار کا نا م درج کرنا ہے

Business Name* کاروبار کا نام

Business Name

آپ نے جو کاروبار منتخب کیا اس کے بارے میں تفصیلات درج کرنی ہیں

Chosen Business Detail* منتخب کردہ کاروبار کی تفصیل

Chosen Business Name

اپنے کاروبار کا پتہ درج کریں۔اگر آپ کا کاروباری پتہ نہیں ہے تو اپنے گھر کا پتہ درج کریں۔

Business Address* کاروباری پتہ

آپ جس صوبے میں کاروبار کر رہے ہیں یا شروع کرنا چاہتے ہیں اس صوبے کا نام درج کریں۔

Business Province* کاروباری صوبہ

Select a value

اگلے خانوں میں کاروبار کے ضلع اور تحصیل کا نام درج کریں۔

Business District * کاروباری ضلع

Select a value

Business Tehsil کاروباری تحصیل

Select a value

آپ نے یہ بھی بتا نا ہے کہ آپ کا کاروبار رجسٹرڈ ہے یا غیر رجسٹرڈ۔دئے گئے آپشنز میں سے موزوں جواب منتخب کریں۔

Business Registration Status*

کاروباری رجسٹریشن کی موجودہ حیثیت

Select a value

آپ کے کاروبار کی قسم کیا ہے جیسے کہ پارٹنر شپ، لمیٹڈ کمپنی وغیرہ۔ موزوں جواب کا انتخاب کریں۔

Entity Type* کاروبار کی قسم

Select a value

یہاں اپنے کاروبار کے کسی بھی یوٹیلیٹی بل کا صارف نمبر درج کریں۔

Business Utility Bill Consumer Id

کاروبار سے منسلک کسی یوٹیلٹی بل کا نمبر

اگر آپ کے کاروبار کا نیشنل ٹیکس نمبر بنا ہوا ہے تو اسے درج کریں۔

Business National Tax Number کاروباری قومی ٹیکس نمبر

اگر آپ  یا آپکے بزنس پا رٹنریا کمپنی کے نام پرکوئی گاڑی رجسٹر ہے تو ہاں یا نہیں کا انتخاب کریں۔

Is Any Vehicle Registered On Your/Partnership/Company Name?*
آپ کے نام پہ رجسٹرڈ کوئی گاڑی؟

Select a value

اگر کوئی گاڑی رجسٹرڈ ہے تو اس کے دستاویزات کی تصویر  اپلوڈ کریں۔

Provide Registration Number Picture رجسٹریشن نمبر فراہم کریں

Select A Picture | Browse

## قرض کی تفصیلات

اس سیکشن میں آپ نے اپنے مطلوبہ قرض سے متعلق معلومات درج کرنی ہیں۔

سب سے پہلے آپ کو اپنے مطلوبہ قرض کی نوعیت درج کرنی ہے۔

Loan Type*

Running Finance

آپ کوکس پیمانے کا قرض درکار ہے اس کی مد کا انتخاب کریں

Tier Type*

Tier 1 (T1) Loans- RS. 100,000 TO RS. 1

قرض کی رقم کو تین درجوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

**مد 1 :5 لاکھ تک (بلا سود)  قرض شامل ہے۔**

**مد 2: 5 لاکھ سے 15لاکھ تک (5 فیصد سود کے ساتھ) قرض شامل ہے۔**

**مد3:  15 لاکھ سے 75 لاکھ تک(7 فیصد سود کے ساتھ) قرض شامل ہے.**

آپ کتنے سالوں میں قرض کی ادائیگی کریں گے اس مدت کا انتخاب کریں۔

Tenure In (YEAR)* قرض کی مدت

Select a value

کاروبار کی کل لاگت کا تخمینہ روپوں میں درج کریں۔

Projected Cost (Estimated) In Rs.* متوقع لاگت

آپ کو بنک سے قرض کے لئے کتنی رقم درکار ہے ہندسوں میں درج کریں۔

Required Loan Amount Rs.* مطلوبہ قرض کی رقم (روپے میں)

پھر اسی رقم کو الفاظ میں لکھیں۔

Required Loan Amount In Words Rs. مطلوبہ قرض کی رقم (الفاظ میں)

اس کے ساتھ آپ نے یہ بھی لکھنا ہے کہ آپ اپنے کاروبار میں اپنے ذاتی وسائل سے کتنے فیصد رقم لگا رہے ہیں۔

Equity Contribution*

Select a value

یہاں اپنے ذاتی وسائل سے لگائے جانے والی کل رقم درج کریں۔

Equity Amount

## SECURITY DETAILS سیکیورٹی کی تفصیلات

اس سیکشن میں آ پ نے سیکوریٹی سے متعلق معلومات درج کرنی ہے

یہ سیکشن آپ اسی صورت میں پرکریں گے اگر آپکو دس لاکھ سے زائد کا قرض درکار ہے۔

قرض لینے کے لئے آپ بنک کو گارنٹی کے طورپرکس نوعیت کی سیکوریٹی دیں گے دئیے گئے آپشنز میں سے کسی ایک کا انتخاب کر یں

Security Offered

Select Value

آپ نے جس اثاثے کو بطور سکیورٹی پیش کرناہے اس کی بنیادی تفصیلات درج کریں۔

Security Description

پھرپیش کی گئی سکیورٹی کی مالکانہ حیثیت کا انتخاب کریں۔

Ownership Of Offered Security

Select Value

آ خری خانے میں پیش کردہ سیکوریٹی کا دستاویزی ثبوت اپلوڈ کریں۔

Security Offered Proof

Select A Picture | Browse

## G.BUSINESS PLAN بزنس پلان

یہ آپ کے بزنس پلان سے متعلق سیکشن ہے۔

اگر آپ نے درخواست پر کرتے ہوئے آپشن میں نئے کاروبار کا انتخاب کیا ہے توآپ کو اپنی سکرین پر یہ سیکشن نظر آئے گا۔

سب سے پہلے اپنے موجودہ اثاثہ جات کی لاگت کا تخمینہ درج کریں۔

Estimated Cost Of Operating Assets

آپ کے کاروبار کے ابتدائی سیٹ اپ پر کتنی رقم لگے گی، تخمینہ درج کریں۔

Estimated Initial Setup Cost

اس خانے میں اپنے کاروبار کی ماہانہ متوقع آمدنی روپوں میں درج کریں۔

Estimated Monthly Business Revenue (Pkr)

یہاں اپنے متوقع ماہانہ کاروباری اخراجات روپوں میں درج کریں۔

Estimated Monthly Direct Business Expenses (Pkr)

پھر اپنے متوقع ماہانہ کاروباری بلواسطہ اخراجات روپوں میں درج کریں۔

Estimated Monthly Indirect Business Expenses (Pkr)

نئے کاروبارمیں رکھے جانے والے ملازمین کی متوقع تعداد درج کریں۔

Estimate Number Of Employees

آپ کو کاروبار سے متعلق کتنے سالوں کا تجربہ ہے، انتخاب کریں۔

Relevet Experience (YEAR)

Select Value

اس خانے میں متعلقہ تجربے کی سند یا لیٹر اپلوڈ کریں۔

Experience Certificates

Select A Picture | Browse

اگر آپ کوئی اور متعلقہ دستاویز اپلوڈ کرنا چاہتے ہیں تو اس کالم میں کریں۔

Any Other Document

Select A Picture | Browse

اپنے کاروبار کی فزیبلٹی رپورٹ اپلوڈ کریں۔

فزیبلٹی رپورٹ آپ خود یا کسی بھی فنانس کمپنی یا ایکسپرٹ سے بنوا سکتے ہیں.

Feasibilty Report File

Select A Picture | Browse

اگر آپ نے درخواست پر کرتے ہوئے آپشن میں پہلے سے موجود کاروبار کا انتخاب کیا ہے توآپ کو اپنی سکرین پر یہ سیکشن نظر آئے گا۔

اپنے کاروبار کے موجودہ اثاثہ جات  درج کریں۔

Current Assets

اپنے قائم اثاثہ جات درج کریں۔

Fixed Assets

یہاں اپنے موجودواجبات درج کریں۔

Current Liabilities

اور اپنے طویل المیاد واجبات درج کریں۔

Long Term Liabilities

اپنے ذاتی وسائل سے کاروبار پہ لگائے جانے والی رقم درج کریں۔

Owner Equity

اس خانے میں اپنے کاروبار کی ماہانہ آمدنی روپوں میں درج کریں ۔

Monthly Business Revenue (Pkr)

یہاں اپنے ماہانہ کاروباری اخراجات روپوں میں درج کریں۔

Monthly Business Direct Expenses (Pkr)

پھر اپنے ماہانہ کاروباری بلواسطہ اخراجات روپوں میں درج کریں۔

Monthly Business Indirect Expenses (Pkr)

پہلے سے موجود کاروبارمیں رکھے جانے والے موجودہ ملازمین کی تعداد درج کریں۔

Number Of Current Employees (In Digits Only)

پہلے سے موجود کاروبارمیں مزیدرکھے جانے والے ملازمین کی متوقع تعداد درج کریں۔

Estimated Increase In Number Of Employees (In Digits Only)

آپ یہ کاروبار کتنے سالوں سے کر رہے ہیں۔ جواب کا انتخاب کریں۔

Business Age (In Numbers Only)

اپنی آخری جمع کروائی ہوئی ٹیکس گوشورے کی تصویر اپلوڈ کریں۔

Latest Tax Return File


Select A Picture | Browse

اپنے موجودہ کاروبار کی رجسٹریشن /لائسنس کی تصویر اپلوڈ کریں


License/Registration

Select A Picture | Browse

اپنے تین سالہ مالی گوشورے کے بنک ریکارڈ کی تصویر  اپلوڈ کریں




اگر آپ پہلے سے کاروبارکررہے ہیں تو اس کی چیمبر،یونین یاتجارتی ادارے کی طرف سے تجویزی خط کی تصویر  اپلوڈ کریں۔




اپنے کاروبار کی فزیبلٹی رپورٹ اپلوڈ کریں۔





فزیبلٹی رپورٹ آپ خود یا کسی بھی فنانس کمپنی یا ایکسپرٹ سے بنوا سکتے ہیں

## FINANCING HISTORY پہلے سے لئے گئے قرض کی تفصیلات

اس سیکشن میں آپ پہلے سے لئے گئے قرض کی تفصیلات درج کریں گے۔

کیا آپ یا آپ کے والدین یا شریک حیات میں سے کوئی لون ڈفالٹر ہیں؟ ہا ں یا نہیں کا انتخاب کریں۔




لون ڈفالٹرسے متعلق تفصیلات درج کریں۔




اگر آپ نے پہلے سے کسی بنک سے قرض لیا ہے تو یہاں اسکی تفصیلات درج کریں

جس بنک سے قرض لیا گیا تھا اس کا نام درج کریں۔

Bank Name

Select a value

حاصل کردہ قرض کی رقم روپوں میں درج کریں

Received Loan Amount (PKR)

قرض کے بقیہ واجبات درج کریں۔

Outstanding Loan Amount (PKR)

حوالاجات

## I.REFERENCES حوالہ جات

اس سیکشن میں محترم درخواست گزاراپنی تصدیق کے لئے اپنے قریبی رشتے داروں کے علاوہ کسی بھی دو افراد کی درج ذیل تفصیلات درج کریں۔

تصدیق کنندہ کاموبائل نمبر اور شناختی کارڈ نمبر درج کریں اوران کے ساتھ تعلق کی نوعیت بتائیں۔

اسی عمل کو دوہراتے ہوئے آپ دوسرے تصدیق کنندہ کاخود سے تعلق، اس کا موبائل نمبر اورقومی شناختی کار ڈ نمبر درج کریں گے۔

### Reference 1

Reference 1 Name

What Is Your Relation With The Reference 1 ?

Reference 1 Mobile #

Reference 1 CNIC #

### Reference 2

Reference 2 Name

What Is Your Relation With The Reference 2 ?

Reference 2 Mobile #

Reference 2 CNIC #

## DECLARATION بیان حلفی

محترم درخواست گزار آپ نےدرخواست کے تمام سیکشن پر کرنے کے بعد ایک بیان حلفی پر کرنا ہے جس میں آپ نے اپنی بنیادی درج کی گئی معلومات کی تصدیق کرنی ہیں

غلط درج کی گئی معلومات آپ کی درخواست کے مراحل میں دشواری کا سبب بن سکتی ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| Applicant CNIC | 11111-1111111-2 | CNIC Issue Date | 08/01/2013 |
| Applicant Date Of Birth | 08/01/1985 | Primary Mobile No. | 03555555555 |

یہاں ٹک کریں

☐ I Agree To Terms And Conditions

یاد رہے کہ تمام پرکی گئی معلومات کواچھی طرح دوبارہ پڑھ لینے کے بعد فارم سبمٹ کریں۔